# 18-02-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLEIN 17.50 HRS

## سرخیاں

...... چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ سائبر کرائم معیشت اور شہریوں کے لیے خطرہ بن چکا ہے اور حکومت ریاست میں سائبر سیکیورٹی مشن کو اہم ترجیح دے گی۔

...... بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت ریاست کی مردم شماری کے معاملے میں سنجیدہ نہیں ہے۔

...... ریاستی حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے بی جے پی پر لوگوں کو ذات پات کے سروے سے متعلق گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

...... بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا کہ ریاست میں کانگریس کے دور حکومت میں 430 سے زیادہ کسانوں کو خودکشی کرنے پر مجبور کیا گیا۔

SHIELD

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج کہا کہ سائبر کرائم معیشت اور شہریوں کے لیے خطرہ بن چکا ہے اور حکومت ریاست میں سائبر سیکیورٹی مشن کو اہم ترجیح دے گی۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے سائبر خطرات کے خلاف ڈیجیٹل منظر نامے کو محفوظ بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ حیدرآباد میں ایچ آئی سی سی میں سائبر سیکیورٹی کانکلیو کے پہلے شیلڈ 2025 سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے سائبر سے محفوظ کاروباری مرکز بننے کے ریاست کے وژن کا خاکہ پیش کیا اور کہا کہ ڈیجیٹل خطرات سے نمٹنے کے لیے پولیس ۔اکیڈمیہ اور صنعت کے درمیان تعاون کو مؤثر طریقے سے مضبوط کیا جائے گا۔

sound byte cm

انہوں نے جعلی خبروں اور غلط معلومات کے خطرات پر بھی روشنی ڈالی۔ یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ غلط معلومات کی مہمات معیشتوں کو غیر مستحکم کر سکتی ہیں اور عوامی جذبات کو متاثر کر سکتی ہیں۔ انہوں نے اپنے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے اور مضبوط سائبر گورننس کو یقینی بنانے کے لیے ریاست کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس سے پہلے، آئی ٹی کے وزیر ڈی سریدھر بابو نے بتایا کہ ریاستی پولیس نے گزشتہ ایک سال میں 380 کروڑ روپے کے سائبر فراڈ کو روکا اور ان سے 180 کروڑ روپے برآمد کیے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیکنالوجی دو دھاری ہتھیار رہے جس میں بے مثال سہولت اور سائبر سیکیورٹی کے سنگین خطرات ہیں۔

sound byte sridhar babu

شیلڈ 2025 کے دوران، وزیر اعلیٰ نے باضابطہ طور پر ایک سائبر فیوژن سینٹر کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد ڈیجیٹل سیکورٹی کو مضبوط بنانا ہے۔ کنکلیو میں سائبر سیکیورٹی کے مختلف نمائش کنندگان کو بھی پیش کیا گیا جنہوں نے سائبر سیکوریٹی سے متعلق جدید حل پیش کئے۔ ریاست کے ڈی جی پی ڈاکٹر جتیندر۔ تلنگانہ سائبر سیکورٹی بیورو کی ڈائرکٹر جنرل شیکھا گوئل کے علاوہ دیگر سینئر عہدیداروں نے بھی خطاب کیا۔

ETALA

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ایٹالہ راجندر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت ریاست کی مردم شماری کے معاملے میں مخلص نہیں ہے۔ انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ وہ واضح کریں کہ ریاست میں پسماندہ طبقات (BCs) کی آبادی میں کیوں کمی آئی ہے جیسا کہ حال ہی میں کیئے گئے ذات پات کے سروے میں انکشاف ہوا ہے۔آج کھمم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے راجندر نے دعویٰ کیا کہ بی جے پی ریاستوں میں ذات پات کے سروے کرانے کی حامی ہے۔اس نے نشاندہی کی کہ 2014 کے سروے کے مطابق بی سی کی آبادی 1.88 کروڑ سے زیادہ تھی لیکن موجودہ کانگریس حکومت کے ذریعہ کرائے گئے ذات پات کے سروے نے بی سی کی آبادی 1.64 کروڑ بتائی گئی ہے۔ای راجندر نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کو ایسے وعدے کرنے کی عادت نہیں ہے جن پر عمل نہیں کیا جا سکتا۔ رکن پارلیمنٹ نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی کے اقتدار میں آنے کے بعد ریاست میں رئیل اسٹیٹ سیکٹر تباہ ہو گیا۔

SHABBIR

ریاستی حکومت کے مشیر برائے ایس سی، ایس ٹی، او بی سی، اور اقلیتیں، محمد علی شبیر نے بی جے پی پر لوگوں کو گمراہ کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ریاست کی کانگریس حکومت نے حالیہ کاسٹ سروے کے ذریعے مسلمانوں کو او بی سی زمرے میں شامل کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بی جے پی فرقہ وارانہ تقسیم پیدا کرنے اور غیر مسلم او بی سی کو کانگریس حکومت کے خلاف اکسانے کے لیے حقائق کو مسخ کر رہی ہے۔آج گاندھی بھون میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے شبیر علی نے مرکزی وزراء جی کشن ریڈی، بنڈی سنجے اور راجیہ سبھا ایم پی ڈاکٹر کے لکشمن پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دعوے نہ صرف حقیقتاً غلط ہیں بلکہ بے بنیاد بھی ہیں کیونکہ مرکز اور کئی ریاستوں میں بی جے پی زیر قیادت حکومتوں نے مسلم کمیونٹیوں کو او بی سی کے طور پر درجہ بندی کیا ہے۔انہوں نے بی جے پی قائدین پر تقسیم کی سیاست کرنے اور پسماندہ طبقات کو گمراہ کرنے کے لئے جان بوجھ کر تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا الزام لگایا۔

RAMZAN

حیدرآباد انچارج وزیر پونم پربھاکر نے عہدیداروں سے کہا آئندہ ماہ رمضان اور عید الفطر تہوار کے لیے مناسب انتظامات کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے آج ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ میں 2 مارچ سے شروع ہونے والے ماہ رمضان کی تیاریوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے ایک جائزہ میٹنگ کی۔ جی ایچ ایم سی کمشنر الم برتی نے شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے لیے کئی اقدامات کی جانکاری دی۔مساجد اور عیدگاہوں پر صفائی کے لئے خصوصی ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔انہوں نے یقین دلایا کہ اسٹریٹ لائٹس کی مرمت کی جائے گی، عارضی لائٹس بھی لگائی جائیں گی۔اور سڑکوں کی مرمت مکمل کی جائے گی۔مکہ مسجد۔شاہی جامع مسجد اور میر عالم عیدگاہ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، تمام کام ترجیحی بنیادوں پر انجام دیے جا رہے ہیں۔ جی ایچ ایم سی کی اینٹومولوجی ٹیم رات کے وقت مچھروں کو روکنے کے لیے فوگنگ بھی کر رہی ہے۔ حیدرآباد میٹرو واٹر ورکس کے ایم ڈی اشوک ریڈی نے پینے کے پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تعینات خصوصی ٹینکروں کا ذکر کیا۔ بجلی کے حکام نے اعلان کیا کہ بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے موبائل ٹرانسفارمرز لگائے جائیں گے۔ایک سرکاری بیان کے

مطابق، وزیر پونم پربھاکر نے طبی حکام کو صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی اقدامات پر عمل درآمد کرنے کی ہدایت کی۔

RAMZAN TIME

واضح رہے کہ ریاستی حکومت نے رمضان المبارک کے دوران مسلمان ملازمین کو شام 4 بجے دفاتر سے گھر جانے کی اجازت دے دی ہے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے احکام جاری کئے۔ 2 مارچ سے 31 مارچ تک تمام مسلم سرکاری ملازمین اساتذہ، کنٹراکٹ اور آؤٹ سورسنگ کی بنیاد پر خدمات انجام دینے والے ملازمین، کارپوریشنس اور سرکاری شعبہ کے مسلم ملازمین کو ایک گھنٹہ پہلے گھر جانے کی اجازت ہوگی۔ تاہم اگر کوئی ہنگامی صورتحال ہو اور ملازمین کی موجودگی ضروری ہو تو انہیں ڈیوٹی پر حاضر رہنا ہوگا۔

BUSES

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آج حیدرآباد میں مہا شیوراتری کے دوران آر ٹی سی بس سروس کے انتظامات پر جائزہ میٹنگ منعقد کی۔ وزیر موصوف نے آر ٹی سی عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ ویمولہ واڑہ۔ سری سیلم۔ ایڈوپایالا۔ کیسرا۔ اور پالاکرتی۔ مندروں کو جانے والے عقیدت مندوں کے لئے خصوصی انتظامات کریں اور اسپیشل بسیس چلائی جائیں۔ اس کے علاوہ اس سال مسافروں کی زیادہ تعداد کو پیش نظر رکھتے ہوئے بہتر انتظامات کرنے کی احکامات دیئے ہیں۔

PM FASAL BIMA

پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا (PMFBY) نے آج نو سال مکمل کر لئے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے یہ اسکیم 2016 میں شروع کی تھی۔ جس کا مقصد فصلوں کے نقصان اور قدرتی آفات سے ہونے والے نقصان کا شکار کسانوں کو مالی مدد فراہم کرنا ہے۔ اس اسکیم نے اختراعی زرعی طریقوں کو اپنانے کو فروغ دیتے ہوئے کسانوں کی آمدنی کو مستحکم کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ مرکزی کابینہ نے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا اور ری اسٹرکچر۔ ڈ ویدر بیسڈ کراپ بیمہ اسکیم کو 2025-26 تک جاری رکھنے کی منظوری دی تھی۔

YOUTH CONFERENCE

نیشنل بائیوڈائیورسٹی یوتھ کانفرنس اس ماہ کی بیس تاریخ کو منعقد ہوگی جو تین دن جاری رہے گی۔ تلنگانہ بائیوڈائیورسٹی بورڈ اس کانفرنس کی میزبانی کر رہا ہے۔ جس کے ذریعہ نوجوانوں کو بائیوڈرائیورسٹی سے متعلق گفتگو میں حصہ لینے کا موقع رہے گا۔ بورڈ کے سکریٹری کالی چرن نے میڈیا کو بتایا کہ ملک بھر کے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے 80 نوجوان شرکا کے ساتھ گفتگو میں حصہ لیں گے۔

sound byte

اس ماہ کی بائیس تاریخ کو یہاں ریاستی گورنر جیشنو دیو ورما کو حیدرآباد ڈیکلریشن سونپا جائے گا۔

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے الزام لگایا کہ ریاست میں کانگریس کے دور حکومت میں 430 سے زیادہ کسانوں کو خودکشی کرنے پر مجبور کیا گیا۔ آج رنگاریڈی ضلع کے آمنگل میں ریتو مہا دھرنا کے ایک حصہ کے طور پر کسانوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب

کرتے ہوئے تارک راماراؤ نے کہا کہ اگرچہ کانگریس نے اقتدار میں آنے کے بعد اپنی لیڈر سونیا گاندھی کی دو سالگرہ منائی، لیکن حکومت کسانوں سے 2 لاکھ روپئے کے فصل قرض کی معافی کا وعدہ پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قرض معاف کی انتظار کرنے والے کسان بہت زیادہ تناؤ کا شکار ہے، جس کی وجہ سے خودکشیاں ہورہی ہیں۔ دوسری طرف رئیل اسٹیٹ کا شعبہ بدحالی کا شکار ہے، مالیاتی بحران کی وجہ سے رئیل اسیٹ کا کاروبار کرنے والے اپنی زندگیاں ختم کررہے ہیں۔

STRIKE

ساؤتھ سنٹرل ریلوے مزدور یونین کے اراکین نے ایک دن کی بھوک ہڑتال کی۔ سکندرآباد میں ریل نیلائم کے سامنے ملازمین کو پروموشن اور رسک الاؤنس کی ادائیگی سمیت اپنے دیرینہ مطالبات کی حمایت میں یہ بھوک ہڑتال کی گئی۔ بینرز اور جھنڈے اٹھائے ملازمین نے مرکزی حکومت سے اپنے مطالبات حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے لگائے۔ ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے یونین کے جنرل سکریٹری سی شنکراراؤ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تمام اوپن لائن اسٹاف کو رسک اور ہارڈ شپ الاؤنس ادا کیا جائے۔ علاوہ ازیں پوائنٹس مین زمرہ کے لیے گریڈ پے اسٹرکچر کو منظوری دی جائے۔ راؤ نے حکومت پر زور دیا کہ وہ نئی لائنوں اور نئے اسٹیشنوں کے لیے بغیر کسی روکاوٹ کے تمام نئی جائیدادوں پر تقررات کریں۔ یونین نے بعد میں ساؤتھ سنٹرل ریلوے۔ ایس سی آر۔ کے جنرل منیجر اے کے جین کو ایک میمورنڈم پیش کیا اور ان سے جلد از جلد حل کرنے کی درخواست کی۔